باسمہ تعالیٰ

(3)

HUM Securities Ltd.

Corporate Member Karachi Stock Exchange (Guarantee) Ltd.

بخدمت حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم

السلام علیکم

مندرجہ ذیل مسائل میں شرعی رہنمائی درکار ہے:۔

ہمارا تعلق اسٹاک ایکسچینج سے ہے۔ ہماری کمپنی ایک بروکریج کمپنی ہے۔ ہمارے واسطے سے لوگ شیئرز کی خرید وفروخت کرتے ہیں اور ہم اس پر کمیشن وصول کرتے ہیں۔

مسئلہ یہ ہے کہ:۔

بعض دفعہ کوئی کمپنی اپنے موجودہ سرمایہ کو بڑھانا چاہتی ہے جس کے لئے وہ نئے Shares جاری کرکے لوگوں سے رقوم وصول کرتی ہے ایسے میں بعض دفعہ کمپنی اپنے موجودہ Share Holders کو یہ Right (حق) دیتی ہے کہ وہ اگر چاہیں تو یہ مزید Shares حاصل کرلیں بجائے اسکے کہ باہر کے لوگ حاصل کریں۔

اسکے لئے کمپنی ایک Letter of Rights (یعنی حق نامہ) جاری کرتی ہے جو اپنے Share Holders کو بھیج دیتی ہے کہ آپکو نئے جاری ہونے والے شیئرز میں سے اتنے (ایک مخصوص تعداد میں) شیئرز خریدنے کا حق ہے۔

اب اگر وہ Share Holder دلچسپی رکھتا ہے تو وہ یہ Form پُر کرکے رقم کے ساتھ بینک میں جمع کرادیتا ہے پھر تقریباً 45 دن کے اندر اسکو کمپنی سے شیئرز مل جاتے ہیں۔

لیکن اگر وہ خریدنا نہیں چاہتا تو اپنا یہ Right کسی اور کو بیچ دیتا ہے اور چونکہ Right Holder کو مارکیٹ ریٹ سے کم قیمت پر شیئرز مل رہے ہوتے ہیں لہذا Right Holder اپنا کچھ نفع وصول کرکے Letter of Rights کسی اور کو دیدیتا ہے (مثلاً مارکیٹ میں شیئرز 60 روپے کا ہے۔ کمپنی Right Holder کو 50 کا دے رہی ہے تو Right Holder اس Right کو 5 روپے میں فروخت کرکے درمیان سے نکل جاتا ہے اس طرح اگلے آدمی کو یہ شیئر 50+5 =55 روپے میں پڑتا ہے پھر اسی طرح ہاتھ در ہاتھ یہ آگے فروخت ہوتا رہتا ہے۔

اس Right کے کاغذ کی خرید وفروخت بھی بالکل Shares کی طرح KATS پر ہوتی ہے اور عموما Letter of Right کی ڈلیوری بھی شیئرز کی طرح ۳ دن کے بعد ہوتی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ:۔

۱۔ Letter of Rights ایک کاغذ ہے جو اپنے حامل کے حق کی نمائندگی کرتا ہے تو اس کاغذ کی بنیاد پر دراصل وہ حق بیچا جارہا ہوتا ہے تو اب صاحب حق کے لیئے اپنے اس حق کو فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں؟

۲۔ اگر فروخت جائز نہیں تو کیا نزول عن الحق (حق سے دستبرداری) کے طور پر اس کا عوض لیا جاسکتا ہے؟ واضح رہے کہ یہ حق اچھا خاصا مضبوط ہوتا ہے اور حامل حق کو اگر یہ نہ ملے تو وہ اس کا باقاعدہ مطالبہ کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

۳۔ اگر صورت ۲ نمبر جائز ہو تو مشکل یہ ہے کہ۔ اسکی خرید وفروخت کے لئے KATS پر BUY اور Sell کی اصطلاحات بھی استعمال ہوتی ہے جو کہ ہم تبدیل نہیں کرسکتے تو کیا Buy اور Sell کا استعمال کرتے ہوئے نزول عن الحق کی کوئی صورت ہوسکتی ہے؟

۴۔ Right کی اس خرید وفروخت کرانے پر بحیثیت بروکر ہم کو بھی مقررہ کمیشن ملتی ہے اس کمیشن کا کیا حکم ہے؟

جزاکم اللہ

خالد وحید

چیف ایگزیکٹو آفیسر

Hum Securities Ltd

نوٹ:۔ اگر جواب پر حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب بھی دستخط فرمادیں تو نوازش ہوگی۔

حضرت اظہر اقبال رشید

شیئر شرعی کمیٹی لیئا

Ph: 92-021-2413358-9, 2416136-7, 2417038-9, Fax : 92-021-2418973, E-mail : info@humsecurities.com, Suite No 704, Business Plaza, Mumtaz Hasan Road, off II Chundriger Road, Karachi.

الجواب حامدًا ومصلیًا (۳)

۱۔۔۔ یہ حق مجرد محض ہے، جس کی بیع جائز نہیں۔

۲،۳،۴۔۔۔ شیئرز کے کاروبار میں اس کی اجازت نہیں دی جاسکتی، کیونکہ اس سے Right Share کی بیع کا دروازہ کھل سکتا ہے۔ واللہ تعالی اعلم

عصمت اللہ عصمہ اللہ

دار الافتاء دار العلوم کراچی ۱۴

الجواب صحیح

دار الافتاء دار العلوم کراچی ۱۴

۲۸/۵/۴ھ

۲۰۰۷/۵/۲۱ء

مفتی

دار الافتاء

فتوی نمبر ۵۵/۹۸۷

مورخہ ۱۹/۴/۲۸ھ